
21/1/25
C.O
AD(Pub)








...سانیاں پیدا کرنے
...صوبائی وزیر سہیل
...معاون آلات اور
...منصوبے کے تحت
...لات

سے معذور افراد کی خودمختاری اور زندگی میں بہتری آئے گی، جو کہ وزیراعلیٰ اور صوبائی وزیر کی انسان دوست پالیسیوں کا مظہر ہے۔

خواتین کی معاشی اور سماجی خوشحالی کے لیے "دھی رانی پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس میں 1 ارب روپے کی لاگت سے پنجاب بھر میں 3,000 اجتماعی شادیوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ یہ شادیاں دو مراحل میں ہوں گی: پہلا مرحلہ جنوری تا فروری 2025 اور دوسرا اپریل تا مئی 2025 میں منعقد ہوگا۔ اس پروگرام کے تحت دلہا دلہن کو قیمتی تحائف، فرنیچر، زیورات اور وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے ایک لاکھ روپے سلامی دی جائے

گی۔ اس منصوبے سے غریب خاندانوں کی مالی مشکلات کم ہوں گی اور معاشرے میں خوشحالی آئے گی۔ یہ پروگرام مریم نواز اور سہیل شوکت بٹ کی خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

## اضلاع میں ادارہ جاتی معاونت بڑھا کر ڈھانچے کو وسعت دینا
## خواتین کے کاروباری ماڈل کو قومی و بین الاقوامی سطح پر فروغ دینا
## معذور افراد کی ہنرمندی کی ترقی کے لیے مزید اداروں کا قیام

افراد باہم معذوری کے حقوق کے تحفظ اور ان کی بحالی کے لیے "کونسل برائے بحالی معذور افراد (CRPD)" کے قواعد کو صوبائی کابینہ سے منظور کرایا گیا۔



# افراد باہم معذوری کے دل کی آواز

معذور افراد کے حقوق کے ایکٹ 2021 کے تحت بننے والی اس کونسل کی قیادت میں ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ ویلفیئر اینڈ ریہیبلیٹیشن یونٹس (DWRUs) قائم کیے گئے ہیں تاکہ معذور افراد کے مسائل فوری حل کیے جا سکیں۔ اس کے علاوہ، ہر ضلع میں انسپکٹرز تعینات کیے گئے ہیں جو سرکاری و نجی اداروں میں 3% کوٹے پر بھرتی اور عمارتوں کی رسائی کے آڈٹ کو یقینی بنا رہے ہیں۔ یہ اہم اقدامات سہیل شوکت بٹ کی محنت اور وزیراعلیٰ مریم نواز کے وژن کی عکاسی کرتے ہیں۔

خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے "صنعت زار ایکسپو 2024" کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ نومبر 2024 میں پنجاب کے تمام ڈویژنز میں 8 نمائشیں اور دسمبر میں لاہور میں صوبائی نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس میں 200 سے زائد خواتین نے شرکت کی اور 20 لاکھ روپے سے زائد کی مصنوعات فروخت ہوئیں۔ گزشتہ سال 35,000 خواتین کو مختلف فنون اور دستکاری میں تربیت دی گئی، جبکہ 5,000 خواتین کو ڈیجیٹل لٹریسی، ای کامرس اور جدید مارکیٹنگ ٹولز کی تربیت دی گئی۔ اب صنعت زار کو TDAP کے تحت WEXNET اور دیگر پلیٹ فارمز کا حصہ بنایا جا رہا ہے تاکہ خواتین کی محنت کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر فروغ دیا جا سکے۔ یہ سب وزیراعلیٰ مریم نواز اور سہیل شوکت بٹ کی خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے کی جانے والی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

سماجی شعور اجاگر کرنے کے لیے محکمہ سوشل ویلفیئر نے عالمی یوم اطفال، معذور افراد کا عالمی دن اور 16 دن کی سرگرمیوں کا انعقاد اقوام متحدہ کی ایجنسیز اور بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون سے کیا۔ ان تقریبات کا مقصد معاشرتی مسائل کو اجاگر کرنا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا تھا، جو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور صوبائی وزیر کی قیادت میں ممکن ہوا۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ کی قیادت میں سماجی بہبود کے یہ تاریخی اقدامات معاشرے کے محروم اور پسماندہ طبقات کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا رہے ہیں۔ ان منصوبوں نے نہ صرف معذور افراد، خواتین اور غریب طبقے کو سہارا دیا ہے بلکہ پنجاب کو ایک فلاحی اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کی بنیاد بھی رکھی ہے۔ ان کی انتھک محنت اور ویژنری قیادت آنے والے وقت میں مزید کامیابیاں سمیٹنے کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔

...درخواست دی
...ی شامل ہیں۔
...7,00 معاون
...سال میں مزید
...۔ اس منصوبے





www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED
MEMBER,APNS,CPNE

روزنامہ

ایڈیٹر انچیف اویس رؤف

جہان پاکستان

لاہور

جلد 13 | منگل 20 رجب المرجب 1446، 21 جنوری 2025ء 9 ماگھ 2079 ب | شمارہ 127 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے


21/1/25

C.O

AD (Pub)

# دھی رانی پروگرام، 31 خاندانوں کی بچیوں کی اجتماعی شادیاں

## ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام تقریب میں وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

چکوال ( بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دھی رانی پروگرام کے تحت 31 خاندانوں کی بچیوں کی اجتماعی شادیاں نجی میرج ہال میں منعقد ہوئی۔ ضلعی انتظامیہ کے زیرِ اہتمام تقریب میں وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پارلیمنٹری سیکرٹری برائے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم چوہدری حیدر علی خان، ممبران صوبائی اسمبلی تنویر اسلم سیتھی، ملک فلک شیر اعوان اور مہوش سلطانہ راجہ اور سابق سینئر لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عبدالقیوم، مسلم لیگ ن کے رہنما قیصر مجید ملک، ڈپٹی کمشنر چکوال قرۃ العین ملک اور ڈی جی سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال خواجہ محمد ذیشان سکندر، اے ڈی سی آر خاور بشیر، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی ای او ایجوکیشن ملک محمد صفدر ڈی ڈی سوشل ویلفیئر آفیسر وسیم عباس، علاقہ معززین، دولھا دلہن کے والدین اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ تقریب سے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن دھی رانی پروگرام "بیٹیاں سب کی سانجھی" ہر ماں باپ کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کی بیٹی کی شادی اچھے طریقے سے سرانجام پائے۔ معاشرے میں بہت ساری بچیوں کی شادیاں صرف وسائل نہ ہونے کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہو رہی ہیں۔

## وزیر آباد: معذور افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کرنے کی تقریب

وزیر آباد (نامہ نگار) سوشل ویلفیئر آفس وزیر آباد میں معذور افراد میں ہمت کارڈ کی تقسیم کی تقریب، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر معذور افراد میں ہمت کارڈ اور سہ ماہی رقوم تقسیم۔ جسمیں ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) محمد عمران سنی کمبوہ، سوشل ویلفیئر آرگنائزر میڈم گلناز بانو، حافظ عمران منیر، صدر پرچم فاؤنڈیشن محمد سرور سمیت لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ محمد عمران سنی کمبوہ نے کہا کہ ہمت کارڈ کا اجراء خصوصی افراد کے لئے خوشی نوید کی نوید ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا اہم اقدام ہے، ہمت کارڈ کی بدولت سپیشل فراد جو کام کرنے کی صلاحیت سے محروم ہیں ان کے حکومت پنجاب مستقل وظائف بذریعہ اے ٹی ایم کارڈ فراہم کر رہی ہے۔ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ کے انتہائی مشکور ہیں۔

CamScanner

Imran
21/1/25

C.O

AD (Pub)


لاہور۔ اسلام آباد۔ کراچی سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

786/92

The Daily 92 News

روزنامہ 92 نیوز لاہور

ایڈیٹر انچیف محمد حیدر امین

قیمت 30 روپے

صفحات 8

جلد 9 | منگل 20 رجب المرجب 1446ھ 21 جنوری 2025ء 9 ماگھ 2081ب | شمارہ 357


# دھی رانی پروگرام: چکوال میں 31 بچیوں کی شادی

## دلہنوں کو ایک لاکھ کی سلامی، گھریلو استعمال کا سامان بطور تحفہ دیا گیا

چکوال (پ ر) دھی رانی پروگرام کے تحت 31 خاندانوں کی بچیوں کی شادیوں کی اجتماعی تقریب میں وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم چودھری حیدر علی خان، ایم پی اے تنویر اسلم سیتھی، ملک فلک شیر اعوان، مہوش سلطانہ، قیصر مجید اور سابق سینئر لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عبدالقیوم نے بھی شرکت کی۔ مولانا عبدالعلیم نقشبندی نے دعا کرائی دلہنوں کو ایک لاکھ روپے سلامی کے طور پر دیئے گئے، گھریلو استعمال کی 13 مختلف اشیاء تحائف کے طور پر دی گئیں، ہال میں موجود تمام شرکاء نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو ڈھیروں دعائیں دیں۔

Imran
21/1/25

C.O

AD (Pub)

DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE

روزنامہ
نوائے وقت
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
لاہور

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد | منگل، 20 رجب المرجب 1446ھ، 21 جنوری 2025ء، 9 ماگھ 2081 ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل | شمارہ

# دھی رانی پروگرام کے تحت چکوال میں 31 لڑکیوں اجتماعی شادی

## جوڑوں کو ایک ایک لاکھ سلامی اور گھریلو استعمال کی 13 اشیاء تحائف کے طور پر دی گئیں

لاہور، چکوال (نیوز رپورٹر + نوائے وقت رپورٹ) ''دھی رانی پروگرام'' کے تحت چکوال میں 31 خاندانوں کی بچیوں کی اجتماعی شادیاں کی گئیں۔ وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان مہمان خصوصی تھے۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن ٹیم حیدر علی خان نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں ایم پی اے تنویر اسلم، فلک شیر اعوان، مہوس سلطانہ، قیصر مجید، عبدالقیوم نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے جوڑوں کو ایک ایک لاکھ روپے سلامی دی گئی۔ گھریلو استعمال کی 13 مختلف اشیاء بھی تحائف کے طور پر دی گئیں۔ ہال میں موجود شرکاء نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کو ڈھیروں دعائیں دیں۔ ''دھی رانی پروگرام'' کے لئے پنجاب حکومت نے ایک ارب روپے مختص کر رکھے ہیں۔

21/1/25

C.O

AD (Pub)


گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی

DAILY 42 LAHORE

ABC Certified

UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184

جلد نمبر: 13 | منگل 21 جنوری 2025ء، 20 رجب المرجب 1446ھ، 8 ماگھ 2081 ب، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 116


## دھی رانی پروگرام کے تحت 31 خاندانوں کی بچیوں کی اجتماعی شادیاں

چکوال (خصوصی رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کے دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کے پہلے پروگرام کا انعقاد، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پارلیمنٹری سیکرٹری برائے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم چوہدری حیدر علی خان نے شرکت کی۔

بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں لاہور

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 34 | منگل 20 رجب المرجب 1446ھ 21 جنوری 2025ء 9 ماگھ 2081 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 180

21/1/25

C.O

AD(Pub)

# چکوال میں دھی رانی پروگرام 31 بچیوں کی اجتماعی شادیاں

## بیٹیاں سب کی سانجھی، ریاست ماں کی طرح اپنا کردار ادا کریگی، بلال اکبر خان

چکوال (نمائندہ خبریں) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دھی رانی پروگرام کے تحت 31 خاندانوں کی بچیوں کی اجتماعی شادیاں نجی میرج ہال میں منعقد ہوئی۔ ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام تقریب میں وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے

باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36

## بقیہ نمبر 36 // اجتماعی شادیاں

بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پارلیمنٹری سیکرٹری برائے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم چوہدری حیدر علی خان ممبران صوبائی اسمبلی تنویر اسلم سیتھی، ملک فلک شیر اعوان اور مہوش سلطانہ راجہ اور سابق سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عبدالقیوم، مسلم لیگ ن کے رہنما قیصر مجید ملک، ڈپٹی کمشنر چکوال قر؟العین ملک اور ڈی جی سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال خواجہ محمد ذیشان سکندر، اے ڈی سی آر خاور بشیر، اے ڈی سی جی بلال بن عبد الحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی ای او ایجوکیشن ملک محمد صفدر ڈی ڈی سوشل ویلفیئر آفیسر وسیم عباس، علاقہ معززین، دولھا دلہن کے والدین اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

CamScanner